# 24th Meeting of the Working Mechanism for Consultation & Coordination on India-China Border Affairs

May 31, 2022

## بھارت - چین سرحدی امور پر مشاورت اور رابطہ کیلئے ورکنگ میکانزم کی 24 ویں میٹنگ

31 مئی، 2022

بھارت- چین سرحدی امور پر مشاورت اور رابطے کیلئے ورکنگ میکانزم (ڈبلیو ایم سی سی) کی 24ویں میٹنگ 31 مئی، 2022 کو منعقد ہوئی۔ ہندوستانی وفد کی قیادت وزارت خارجہ کے ایڈیشنل سکریٹری (مشرقی ایشیاء) نے کی، جبکہ چینی وفد کی قیادت چینی وزارت خارجہ کے ما تحت باؤنڈری اور سمندری امور شعبہ کے ڈائریکٹر جنرل نے کی۔

2. دونوں فریقین نے ہندوستان- چین سرحدی علاقوں کے مغربی سیکٹر میں لائن آف ایکچوئل کنٹرول پر صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوں نے اس بات کو یاد کیا کہ نومبر 2021 میں ڈبلیو ایم سی سی کی آخری میٹنگ کے بعد سے، دونوں فریقین نے جنوری اور مارچ 2022 میں بالترتیب سینئر کمانڈرز کی 14ویں اور 15ویں میٹنگیں کیں۔ چین کے وزیر خارجہ جناب وانگ یی نے بھی مارچ 2022 میں ہندوستان کا دورہ کیا تھا، اور وزیر خارجہ اور قومی سلامتی کے مشیر سے بات چیت کی تھی۔

3. دونوں فریقین نے مشرقی لداخ میں مغربی سیکٹر میں لائن آف ایکچوئل کنٹرول پر موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ جیسا کہ دونوں وزرائے خارجہ کی ہدایت ہے، دونوں فریقین کو ایل اے سی پر باقی ماندہ مسائل کو جلد از جلد حل کرنے کے لیے سفارتی اور فوجی ذرائع سے بات چیت جاری رکھنی چاہیے تاکہ دوطرفہ تعلقات میں معمول کی بحالی کے لیے حالات پیدا کیے جا سکے۔ اس تناظر میں، انہوں نے موجودہ دوطرفہ معاہدوں اور پروٹوکول کے مطابق مغربی سیکٹر میں لائن آف ایکچوئل کنٹرول پر تمام متنازع پوائنٹس سے مکمل طور پر پیچھے ہٹنے کے مقصد کو حاصل کرنے کے لیے جلد از جلد تاریخ میں سینئر کمانڈرز کی میٹنگ کا اگلا (16 واں) دور منعقد کرنے پر اتفاق کیا۔

**نئی دہلی**

**31 مئی، 2022**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.